11/1/2022

انڈسٹری نوٹس 01-22#
برائے فوری اشاعت

Taxi & Limousine Commission

اعلامیہ: FHV لائسنس اسٹوریج پروگرام

David Do
کمشنر/چیئر
tlccommissioner@tlc.nyc.gov

Jason Kersten
معاملات عامہ
press@tlc.nyc.gov

33 Beaver Street
22nd Floor
New York, NY 10004

فوری ریلیز کے لیے

نیویارک سٹی ٹیکسی اینڈ لیموزین کمیشن (TLC) نے COVID-19 کی وباء عروج پر ہونے کے دوران گاڑی کے لائسنس یافتگان کو ریلیف دینے کے لیے فار ہائر گاڑی کا لائسنس اسٹوریج پروگرام تشکیل دیا تھا۔ اب چونکہ پابندیاں ختم ہو چکی ہیں اور سفر کا حجم مسلسل بڑھ رہا ہے، لہٰذا TLC اس پروگرام کو ختم کر رہا ہے۔

گاڑی کی اسٹوریج کا پروگرام **31 اگست، 2023** کو ختم ہو جائے گا اور گاڑی کے ایسے لائسنس یافتگان جن کا لائسنس اسٹوریج میں ہے، اُن کے پاس اپنا لائسنس اسٹوریج سے نکالنے کے لیے **31 اگست، 2023** تک کا وقت ہے۔ اسٹوریج سے لائسنس(لائسنسز) نہ نکالنے کی صورت میں لائسنس ضائع ہو جائے گا۔

اگر ابھی آپ کی گاڑی کا لائسنس اسٹوریج میں ہے اور آپ اپنی فار ہائر گاڑی کا لائسنس اسٹوریج سے نکالنے کے لیے تیار ہیں، تو اس کے لیے ہدایات یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

TLC ایک نئے، زیادہ محدود اسٹوریج پروگرام کی تشکیل پر کام کر رہا ہے، جو لائسنس یافتگان کو اپنے لائسنسز میعادی بنیاد پر اسٹوریج میں رکھنے کا اہل بنائے گا؛ پہلے سے زیادہ محدود اس پروگرام کی تفصیلات کا اعلان علیحدہ سے کیا جائے گا۔ نیا پروگرام 31 اگست، 2023 **کے بعد** شروع ہوگا۔

تسلیمات،
NYC ٹیکسی اینڈ لیموزین کمیشن

تاثرات، سوالات، تجاویز یہاں ای میل کریں:
tlcexternalaffairs@tlc.nyc.gov